64-7

A

സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

610

വാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2019 - 20

ക്ലാസ് : 6 ഉർദു സമയം : 2 മണിക്കൂർ

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- ആറാമത്തെ പ്രവർത്തനത്തിന് നിർബന്ധമായും ഉത്തരം എഴുതിയിരിക്കണം.

سرگرمی ۱

راہل کے گھر کے پاس ایک کھیت ہے۔ ایک دن سویرے وہ کھیت کی طرف نکلا۔ وہاں مختلف پھل اور ترکاریاں ہیں۔

A بچو، نیچے دیے گئے پھل اور ترکاریوں کو الگ الگ کرکے لکھیے۔

(کریلا، انار، بھنڈی، انناس، کیلا، کدّو، بینگن، آم)

پھل	ترکاری

B آپ کا پسندیدہ ایک پھل یا ترکاری کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

سرگرمی ۲

دور دور تک پھیلے ہوئے کھیت، دانہ چگنے والے مختلف پرندے اور چڑیاں! اور ان کی چہچہاہٹ۔ واہ! کیا خوب ہے! یہ دیکھ کر راہل کو چڑیا کا گیت یاد آیا اور گنگنانے لگا۔

ایک تھی چڑیا ایک تھا کوّا
دونوں نے اک دن یہ سوچا
آؤ آج پکائیں چاول
اور مل جل کر کھائیں چاول
دونوں نے جب بات یہ مانی
چڑیا نے جھٹ آگ جلائی

کوّا جا کر چاول لایا	پھر دونوں نے اس کو پکایا
کھانا پک کر سامنے آیا	کوّے نے تب شور مچایا
بولی چونچ ذرا دھو آؤ	کھانا اچھے ڈھنگ سے کھاؤ

A بچّو، یہ اشعار غور سے پڑھیے۔

ان میں سے دو ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے۔

B آپ کے پسندیدہ ایک پرندے کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

سرگرمی ۳

لہلہاتے کھیت، ہل چلانے والے کسان، گھاس چرنے والی گائیں اور بکریاں وغیرہ دیکھ کر راہل بہت خوش ہوا۔

A بچّو، نیچے چند جانوروں کے نام ہیں۔ ان میں سے پالتو جانوروں کے نام چن کر لکھیے۔

بکری، بھالو، گائے، شیر، بلّی، بیل

B آپ کا پسندیدہ ایک پالتو جانور کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

سرگرمی ۴

شام کو راہل اپنے دوست رحیم کے ساتھ شہر گیا۔ شہر میں لوگوں کی بہت بڑی بھیڑ تھی۔ گاڑیاں آتی جاتی تھیں۔ شہر کی ایک طرف کوڑا کرکٹ اور گندگی بھری ہوئی تھی۔ وہاں بہت سے کوّے 'کائیں کائیں' کر رہے تھے۔

A بچّو، صفائی پر خیال رکھنے والا پرندہ کون سا ہے؟

B صفائی پر لوگوں کی توجہ دلانے کے لیے چار نعرے تیار کیجیے۔

اشارے : تندرتی، تھوکنا، آس پاس کی صفائی، صحت

جیسے : ''صفائی کا خیال رکھو، بیماری سے دور رہو''

سرگرمی ۵

شہر سے پھل اور ترکاریاں خرید کر راہل اپنے گھر پہنچا۔ اتنے میں امّی چائے لے کر آئی۔ امّی پوچھنے لگی۔

امّی : بیٹے، شہر سے تم کیا کیا لائے ہو؟

راہل : ....

بچّو، امّی اور راہل کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

سرگرمی ٦

رات کو راہل ایک کہانی پڑھنے لگا۔

نیل گری جنگل کے پاس ایک گائے رہتی تھی۔ اس کا نام نندنی تھا۔ گوری اس کی بیٹی تھی۔ گوری کو اکیلا چھوڑ کر نندنی روزانہ جنگل جاتی اور شام کو گھر لوٹ آتی تھی۔

ایک دن وہ جنگل کی طرف نکلی۔ گھاس چرتے چرتے شام ہوگئی۔ اتنے میں بارش ہونے لگی۔ چاروں طرف اندھیرا چھا گیا۔ باہر نکلنے کا راستہ بھی سمجھ میں نہ آیا۔ اچانک ایک شیر نندنی کے سامنے آگیا۔ شیر بہت بھوکا تھا۔ اس نے سوچا کہ آج کا کھانا مل گیا۔........

بچّو، کہانی غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A نندنی کہاں رہتی تھی؟

B نندنی کی بیٹی کا نام کیا تھا؟

C نندنی روزانہ کہاں جاتی تھی؟

D نندنی کو باہر نکلنے کا راستہ سمجھ میں نہ آیا۔ کیوں؟